# اپنے گھر کو بچائیے

حضرت مولانا تقی عثمانی صاحب مدظلہ

زمانہ اس تیزی سے بدل رہا ہے کہ جس انقلاب کو پہلے ایک طویل مدت درکار ہوتی تھی، اب وہ دیکھتے ہی دیکھتے رونما ہوجاتا ہے۔ آج کے ماحول کا زیادہ نہیں، پندرہ بیس سال پہلے کے وقت سے موازنہ کرکے دیکھئے، زندگی کے ہر شعبے میں کایا پلٹی ہوئی نظر آئے گی، لوگوں کے افکار وخیالات، سوچنے سمجھنے کے انداز، معمولاتِ زندگی، معاشرت، رہن سہن کے طریقے، باہمی تعلقات، غرض زندگی کے ہر گوشے میں ایسا انقلاب برپا ہوگیا ہے کہ بعض اوقات سوچنے سے حیرت ہوجاتی ہے۔

کاش! یہ برق رفتاری کسی صحیح سمت میں ہوتی تو آج یقیناً ہماری قوم کے دن پھر چکے ہوتے، لیکن حسرت، افسوس اور ناقابلِ بیان افسوس اس بات کا ہے کہ یہ ساری برق رفتاری الٹی سمت میں ہورہی ہے، کسی شاعر حکیم نے یہ مصرعہ مغرب کے لئے کہا تھا، مگر آج یہ ہمارا اپنا حال بن چکا ہے کہ

تیز رفتاری ہے، لیکن جانب منزل نہیں

اس بات کو کب اور کس کس عنوان سے کہا جائے کہ پاکستان اسلام کے لئے بنا تھا، اس لئے بنا تھا کہ یہاں کے باشندے احکام الٰہی کا عملی پیکر بن کر دنیا بھر کے لئے ایک قابلِ تقلید مثال قائم کریں، لیکن ہماری ساری تیز رفتاری اس کی بالکل مخالف سمت میں صرف ہوتی رہی اور آج تک ہورہی ہے۔ جن گھروں سے کبھی کبھی تلاوتِ قرآن کی آواز آجایا کرتی تھی، اب وہاں صرف فلمی نغمے گونجتے ہیں، جہاں کبھی اللہ ورسولؐ اور اسلاف اُمت کی باتیں ہوجایا کرتی تھیں، اب وہاں باپ بیٹوں کے درمیان بھی ٹی وی فلموں پر تبصرے ہی زیر بحث رہتے ہیں، جن گھرانوں میں کبھی کسی اجنبی عورت کی تصویر کا داخلہ محال تھا، اب وہاں باپ بیٹیاں اور بہن بھائی ایک ساتھ بیٹھ کر نیم برہنہ رقص دیکھتے ہیں اور خوش ہوتے ہیں، جن خاندانوں میں کبھی حرام آمدنی سے آگ کے انگاروں کی طرح پرہیز کیا جاتا تھا، اب وہاں نسلیں کی نسلیں سود، رشوت

اور قمار سے پروان چڑھ رہی ہیں، جو خواتین پہلے برقع کے ساتھ باہر نکلتی ہوئی ہچکچاتی تھیں، اب وہ دوپٹے تک کی قید سے آزاد ہو رہی ہیں۔

غرض اسلامی احکام سے عملی اعراض اس تیزی سے بڑھ رہا ہے کہ مستقبل کا تصور کر کے بعض اوقات روح کانپ اٹھتی ہے۔

اس تشویشناک صورتِ حال کے یوں تو بہت سے اسباب ہیں، لیکن اس وقت اس کے صرف ایک سبب کی طرف توجہ دلانا مقصود ہے، خدا کرے کہ اسے اسی توجہ اور اہتمام کے ساتھ سن اور سمجھ لیا جائے جس کا وہ مستحق ہے۔

وہ سبب یہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں جو لوگ دین دار سمجھے جاتے ہیں، وہ بھی اپنے گھر والوں کی دینی اصلاح و تربیت سے بالکل بے فکر ہو کر بیٹھ گئے ہیں۔ اگر آپ اپنے گرد و پیش کا جائزہ لیں تو ایسی بیسیوں مثالیں آپ کو نظر آجائیں گی کہ ایک سربراہ خاندان اپنی ذات میں بڑا نیک اور دین دار انسان ہے، صوم وصلوٰۃ کا پابند ہے، سود و رشوت، قمار اور دوسرے گناہوں سے پرہیز کرتا ہے، اچھی خاصی دینی معلومات رکھتا ہے اور مزید معلومات حاصل کرنے کا شوقین ہے، لیکن اس کے گھر کے دوسرے افراد پر نگاہ ڈالئے تو ان میں ان اوصاف کی کوئی جھلک خوردبین لگا کر بھی نظر نہیں آتی، مذہب، خدا، رسولؐ، قیامت اور آخرت جیسی چیزیں سوچ بچار کے موضوعات سے یکلخت خارج ہو چکی ہیں، ان کی بڑی سے بڑی عنایت اگر کچھ ہے تو یہ کہ وہ اپنے ماں باپ کے مذہبی طرز عمل کو گوارا کر لیتے ہیں، اس سے نفرت نہیں کرتے، لیکن اس سے آگے نہ وہ کچھ سوچتے ہیں، نہ سوچنا چاہتے ہیں۔

کوئی شک نہیں کہ ہر شخص اپنے عمل کا ذمہ دار ہوتا ہے، اور اولاد کی مکمل ہدایت ماں باپ کے قبضۂ قدرت میں نہیں ہے، نوح علیہ السلام کے گھر میں بھی کنعان پیدا ہو جاتا ہے، لیکن یہ فریضہ تو ہر مسلمان کے ذمہ عائد ہوتا ہے کہ وہ اپنے گھر والوں کی دینی تربیت میں اپنی پوری کوشش صرف کر دے، اگر کوشش کے باوجود راہِ راست پر نہیں آتے تو بلاشبہ وہ اپنی ذمہ داری سے بری ہے۔ لیکن اگر کوئی شخص اس مقصد کی طرف کوئی دلی توجہ نہیں کرتا، اور اس نے اپنے تئیں دین پر عمل کر کے اپنے گھر والوں کو حالات کے دھارے پر بے فکری سے بہتا چھوڑ دیا ہے، تو وہ ہرگز اللہ کے نزدیک بری نہیں ہے، اس کی مثال بالکل اس احمق کی سی ہے جو اپنے بیٹے کو خودکشی کرتے ہوئے دیکھے اور یہ کہہ کر الگ ہو جائے کہ جوان بیٹا اپنے عمل کا خود ذمہ دار ہے۔

کنعان بلاشبہ حضرت نوح علیہ السلام ہی کا بیٹا تھا، اور آخر دم تک اس کی اصلاح نہ ہو سکی، لیکن یہ بھی تو دیکھئے کہ اس کے جلیل القدر باپ نے اسے راہِ راست پر لانے کے لئے کیا کیا جتن کئے؟ کیسے کیسے پاپڑ بیلے؟ کس کس طرح خون کے گھونٹ پی کر اسے تبلیغ کی؟ اس کے بعد بھی اس نے اپنے لئے سفینۂ ہدایت کے بجائے کفر وضلالت کی موجیں ہی منتخب کیں، تو بے شک حضرت نوح علیہ السلام اس کی ذمہ داری سے بری ہو گئے، لیکن کیا آج کوئی ہے جو اپنی اولاد کی اصلاح کے لئے فکر و عمل کی اتنی توانائیاں صرف کر رہا ہو؟

قرآنِ کریم نے ایک مسلمان پر صرف اپنی اصلاح کی ذمہ داری عائد نہیں کی، بلکہ اپنے گھر والوں، اپنی اولاد، اپنے عزیز واقارب اور اپنے اہلِ خاندان کو راہِ راست پر لانے کی کوشش بھی اس پر ڈالی ہے، سرورِ کائنات محمدؐ سے زیادہ احکام الٰہی پر کاربند کون ہوگا؟ لیکن آپ ﷺ پر بھی نبوت کے بعد جو سب سے پہلا تبلیغی حکم نازل ہوا وہ یہ تھا:

ترجمہ: ''اور آپؐ اپنے قریبی اہلِ خاندان کو عذاب الٰہی سے) ڈرایئے۔ (الشعراء: ۲۱۴)

چنانچہ اسی حکم کی تکمیل فرماتے ہوئے آپؐ نے اپنے اہل خاندان کو کھانے پر جمع فرمایا اور کھانے کے بعد ایک مؤثر خطبہ دیا جس کے مندرجہ ذیل جملے روایات میں محفوظ رہ سکے ہیں:

ترجمہ: اے فاطمہ بنتِ محمد! اے صفیہ بنتِ عبدالمطلب! اے بنی عبدالمطلب! مجھے اللہ کی طرف سے تمہارے حق میں کوئی اختیار نہیں، تم (میرے مال میں سے) جتنا چاہو مجھ سے مانگ لو۔ اے بنی عبدالمطلب! خدا کی قسم جو چیز میں تمہارے پاس لے کر آیا ہوں، مجھے عرب میں کوئی جوان ایسا معلوم نہیں جو اپنی قوم کے پاس اس چیز سے بہتر کوئی شے لایا ہو۔ میں تمہارے پاس دنیا اور آخرت کی بھلائی لایا ہوں اور مجھے اللہ نے حکم دیا ہے کہ تم کو اس کی طرف دعوت دوں، تم میں سے کون ہے جو اس کام میں میرے ہاتھ مضبوط کرے اور اس کے نتیجے میں میرا بھائی بن جائے''۔

آنحضرتؐ کے علاوہ تمام انبیاء علیہم السلام کی سنت یہی رہی ہے، کہ انہوں نے اپنی تبلیغ کا آغاز اپنے گھر والوں سے کیا، اور خود احکام الٰہی پر کاربند ہونے کے ساتھ ساتھ اپنے اہلِ خانہ کی دینی تربیت پر اپنی پوری توجہ صرف فرمائی۔ حضرت یعقوب علیہ السلام نے وفات سے پہلے اپنی اولاد کو جمع کر کے جو وصیت فرمائی اس کا تذکرہ قرآن کریم نے اس طرح کیا ہے:

ترجمہ: جب (یعقوب علیہ السلام نے) اپنے بیٹوں سے کہا: تم میرے بعد کس کی عبادت کرو گے؟ انہوں نے کہا: ہم اس ذاتِ پاک کی پرستش کریں گے جس کی آپ اور آپ کے آباء واجداد ابراہیم، اسماعیل اور اسحٰق علیہم السلام پرستش کرتے آئے ہیں، یعنی وہی معبود جو وحدہٗ لاشریک ہے، اور ہم اسی کی اطاعت پر (قائم) رہیں گے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام دُعا فرماتے ہیں:

ترجمہ: ''اے میرے پروردگار! مجھے بھی نماز کا پابند بنایئے اور میری اولاد کو بھی، اے ہمارے پروردگار! میری دُعا قبول کر لیجئے۔ (ابراہیم: ۴۰)

انبیاء علیہم السلام کی ایسی ایک دو نہیں دسیوں دعائیں منقول ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ اپنی اولاد اور اہل خاندان کی دینی اصلاح کی فکر ان حضرات کی رگ رگ میں سمائی ہوئی تھی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے جہاں تمام مسلمانوں کو خود عذاب الٰہی سے بچنے کی تاکید فرمائی وہاں گھر والوں کو بھی اس سے بچانے کی ذمہ داری ان پر عائد کی ہے، ارشاد ہے:

ترجمہ: ''اے ایمان والو! اپنی جانوں کو اور اپنے گھر والوں کو آگ سے بچاؤ''۔ (التحریم:۶)

نیز ارشاد فرمایا:

ترجمہ: ''اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دو اور خود بھی اس کی پابندی کرو''۔

قرآن وحدیث کے یہ واضح احکام اور انبیاء علیہم السلام کی یہ سنت جاریہ اس بات کو ثابت کرنے کے لئے کافی ہے کہ ایک مسلمان کے ذمہ صرف اپنی ذات کی دینی اصلاح ہی نہیں ہے، بلکہ اپنی اولاد اور اپنے گھر والوں کی دینی تربیت بھی اس کے فرائض میں داخل ہے، اور درحقیقت اس کے بغیر انسان کا خود دین پر ٹھیک ٹھیک کاربند رہنا ممکن بھی نہیں ہے۔ اگر کسی شخص کا سارا گھریلو ماحول دین بیزار اور خدا ناآشنا ہو تو خواہ وہ اپنی ذات میں کتنا دین دار کیوں نہ ہو، ایک نہ ایک دن اپنے ماحول سے ضرور متاثر ہوگا، اس لئے خود اپنے آپ کو استقامت کے ساتھ صراطِ مستقیم پر رکھنے کے لئے بھی یہ ضروری ہے کہ اپنے گردوپیش کو فکروعمل کے اعتبار سے اپنا ہم مشرب بنایا جائے۔

آج ہمارے بگاڑ کی ایک بہت بڑی وجہ یہ ہے کہ ہم اپنے اس فریضے سے یکسر غافل ہو چکے ہیں۔ بڑے بڑے دیندار گھرانوں میں نئی نسل کی دینی تربیت بالکل خارج از بحث ہوگئی ہے، اور اگلے وقتوں کے لوگ حالات کے آگے ہتھیار ڈال کر اپنی اولاد کو زمانے کے بہاؤ پر چھوڑ چکے ہیں۔

بعض حضرات یہ بھی کہتے سنے گئے ہیں کہ ہم نے تو اپنے اہل خانہ کو دینی رنگ میں رنگنے کی بڑی کوشش کی لیکن زمانے کی ہوا ہی ایسی ہے کہ ہمارے وعظ ونصیحت کا ان پر کچھ اثر نہ ہوا، مگر بعض اوقات یہ خیال شیطان کے دھوکے کے سوا کچھ نہیں ہوتا۔ سوال یہ ہے کہ آپ نے کتنی لگن، کتنے اضطراب اور کتنی دل سوزی کے ساتھ یہ کوششیں کی ہیں؟ اگر آپ کی اولاد جسمانی طور پر بیمار ہو جائے یا اس کا کوئی عضو خدانہ کرے آگ میں جلنے لگے تو آپ اپنے دل میں کتنی تڑپ محسوس کرتے ہیں؟ اور یہ تڑپ آپ سے کیسے کیسے مشکل کام کرالیتی ہے، سوال یہ ہے کہ کیا اپنی اولاد گناہوں میں مبتلا دیکھ کر بھی کبھی آپ نے اتنی تڑپ محسوس کی ہے؟ اگر واقعتاً اولاد کی دینی اور اخلاقی تباہی کو دیکھ کر آپ میں اتنی ہی تڑپ پیدا ہوئی ہے جتنی اسے بیمار دیکھ کر ہوتی ہے، آپ نے اسے دینی تباہی سے بچانے کی ایسی ہی کوشش کی ہے جتنی جسمانی ہلاکت سے بچانے کے لئے کرتے ہیں، تو بلاشبہ آپ نے اپنا فریضہ ادا کر دیا۔

لیکن آپ نے اپنے گھر والوں کی دینی تربیت میں اتنی لگن، ایسے جذبے اور اتنی کاوش کا مظاہرہ نہیں کیا تو کیا وجہ ہے کہ ایک معمولی سی آگ اپنے بچے کے قریب دیکھ کر آپ کے سینے پر سانپ لوٹ جاتے ہیں، اور جہنم کی ابدی آگ جس سے بچاؤ کی کوئی صورت نہیں اسے آپ اپنی اولاد کے سامنے منہ کھولے دیکھتے ہیں، مگر آپ کی محبت وشفقت کوئی جوش نہیں مارتی؟ اگر آپ اپنے ننھے سے بچے کے ہاتھ میں بھرا ہوا پستول دیکھ لیتے ہیں تو اس کے رونے دھونے کی پروا کئے بغیر جب تک اس کے ہاتھ سے وہ پستول چھین نہ لیں چین سے نہیں بیٹھ سکتے، لیکن کیا وجہ ہے جب وہی اولاد آپ کو دینی تباہی کے آخری سرے

پر نظر آتی ہے تو آپ صرف ایک دو مرتبہ زبانی وعظ و نصیحت کر کے یہ سمجھ لیتے ہیں کہ آپ نے اپنا فرض ادا کر دیا ہے؟

سوال یہ ہے کہ کیا آپ نے کبھی سنجیدگی اور اہتمام کے ساتھ اپنے گھر کی اصلاح کی مؤثر تدبیریں سوچی ہیں؟ جس لگن اور دلچسپی کے ساتھ آپ اپنی اولاد کے لئے روزگار تلاش کرتے ہیں، کیا اتنی لگن کے ساتھ اس کی تربیت کے راستے تلاش کئے ہیں؟ جس خضوع وخشوع اور سوزِ قلب کے ساتھ آپ ان کی صحت کے لئے دعائیں کرتے ہیں، کیا اسی طرح آپ نے ان کے لئے اللہ سے صراطِ مستقیم طلب کی ہے؟ اگر ان میں سے کوئی کام آپ نے نہیں کیا تو آپ کو اپنے اہل خانہ کی ذمہ داری سے سبکدوش سمجھنے کا کوئی حق نہیں پہنچتا۔

ان ساری گزارشات کا منشأ صرف یہ ہے کہ نئی نسل جس برق رفتاری کے ساتھ فکری گمراہی اور عملی بے راہ روی کی طرف بڑھ رہی ہے اس کا پہلا مؤثر علاج خود ہمارے گھروں میں ہونا چاہئے۔ اگر مسلمانوں میں اپنے گھر کی اصلاح کا خاطر خواہ جذبہ، اس کی سچی لگن اور اس کی حقیقی تڑپ پیدا ہو جائے تو یقین کیجئے کہ آدھی سے زائد قوم خود بخود سدھر سکتی ہے۔

اگر کوئی ''دین دار'' شخص یہ سمجھتا ہے کہ میری اولاد خدا بیزاری کی جس راہ پر چل رہی ہے، حقیقت میں اس کے لئے وہی راہ درست ہے اور ہم نے اپنے گرد مذہب واخلاق کے بندھن باندھ کر غلطی کی تھی تو ایسے ''دین دار'' کے حق میں تو دنیا وآخرت دونوں کے خسارے پر ماتم کرنے کے سوا اور کیا کیا جا سکتا ہے؟ لیکن اگر آپ اس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ آپ کا دین، دین برحق ہے، اور مرنے کے بعد جزا وسزا کے مراحل پیش آنے والے ہیں، تو پھر خدا کے لئے اپنی اولاد کو بھی اس جزا وسزا کے دن کے واسطے تیار کیجئے، اسے ضروری دینی تعلیم دلوایئے، اس کے ذہن کی شروع ہی سے ایسی تربیت کیجئے کہ اس میں نیکیوں کا شوق اور گناہوں سے نفرت پیدا ہو، اس کی صحبت اور اس کا ماحول درست رکھنے کا اہتمام کیجئے، اپنے گھروں کو تلاوت قرآن اور اسلاف امت کے تذکروں سے آباد کیجئے، گھر میں کوئی ایسا وقت نکالئے جس میں سارے گھر والے اجتماعی طور پر دینی کتب کا مطالعہ کریں، اپنے ذاتی عمل کو ایسا دلکش بنایئے کہ اولاد اس کی تقلید کرنے میں فخر محسوس کرے، اپنے اہل وعیال اور اقارب واحباب کے حق میں اللہ تعالیٰ سے دعائیں کیجئے کہ اللہ تعالیٰ انہیں صراط مستقیم پر گامزن ہونے اور رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اس کے بعد بھی ہوسکتا ہے کہ چند مثالیں ایسی باقی رہ جائیں جو اپنی بدخمیری کی وجہ سے اصلاح پذیر نہ ہوسکیں، لیکن یقین ہے کہ اگر اس مقصد کے لئے اتنا اہتمام کر لیا گیا تو نئی نسل کی ایک بھاری اکثریت راہِ راست پر آجائے گی۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کی محنت اور کوشش میں برکت دی ہے اور دین کی دعوت وتبلیغ میں جو محنت کی جائے اس کی کامیابی کا خصوصی وعدہ کیا گیا ہے، اس لئے ناممکن ہے کہ اپنے گھر کی اصلاح کی یہ کوشش بالکل بارآور نہ ہو۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

☆☆☆